بلکہ وہ روبی والے سانحے کو ہی فراموش کر چکے تھے۔۔۔

لیکن ساحل کو وہ سب اچھی طرح سے یاد تھا کہ جیسے یہ کل کی ہی بات ہو۔۔۔

لیکن ساحل اصلی بات اپنی ماں کو نہیں سمجھا سکتا تھا اس لئے اس نے اپنی ماں سے یہ عذر پیش کیا یہ ابھی میں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نوکری کرنا چاہتا ہوں اور اپنے پیروں پر اچھی طرح سے کھڑا ہونا چاہتا ہوں فی الحال میں شادی کے متعلق بالکل بھی نہیں سوچ سکتا۔۔۔

ساحل کی ماں کو اپنے بیٹے سے اس جواب کی توقع نہیں تھی۔۔

کیونکہ وہ جانتی تھی کہ ساحل سائرہ کو بہت چاہتا ہے۔۔۔

ساحل کی یہ بات سن کر اس کی امی حیران ہوں گئیں۔۔۔

لیکن انہوں نے ساحل پر یہ فیصلہ صادر کر دیا کہ تمہاری اور سحر کی شادی اسی وقت ہوگی جس دن سحر کے گھر والے جائیں گے۔۔

اور میں اب اس بارے میں تمہارے منہ سے کوئی اور الٹی سیدھی بات نہ سنوں۔۔۔

اس کی امی اتنا کہہ کر کمرے سے باہر چلی گئیں۔۔

اور ساحل سوچوں کے گرداب میں دھنستا چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ساحل دل سے ابھی اس شادی کے لیے تیار نہیں تھا لیکن اپنی ماں ضد اور سحر کے ابو کی حالت کو مد نظر رکھتے ہوئے اسے اس شادی کے لئے ہاں کرنا پڑا۔۔۔۔

خیر ساحل کی امی نے سحر کے گھر میں فون کر کے بتا دیا کہ اس نے ساحل کو راضی کر لیا ہے آپ لوگ شادی کی تاریخ نکلوائیں۔۔

سب گھر والوں کے مشورے کو مد نظر رکھتے ہوئے ایک ہفتے بعد کی تاریخ مقرر کر دی گئی۔۔۔۔

اور شادی کی تیاریاں زور و شور ہونے لگی۔۔۔۔

مہرین اور ساحل کی ماں بہت زیادہ خوش تھی۔۔ سحر بھی خوشی سے پھولے نہیں سما رہی تھی۔۔ جس انسان کو وہ دل و جان سے زیادہ چاہتی تھی وہ اس کی دلہن بننے جا رہی دی تھی۔۔

سحر کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا کی زندگی اس کو کس دوراہے پر لا کر کھڑا کرنے والی ہے۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Dhulan | By Awais Chohan (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور سحر کو ایسے فیصلے لینے پر مجبور کرنے والی ہے جن کو لیتے وقت بڑے بڑوں کا ایمان ڈگمگا جائے۔۔۔۔

خیر سحر اپنی شادی کو لے کر رنگین سپنے سجا رہی تھی کہ اس کی امی کی آواز اس کو سپنوں کی دنیا سے حقیقت میں لے آئی۔۔اس کی امی نے اسکو کہا کہ تمہاری شادی کے لیے میں نے کچھ کپڑے منگوائے ہے تم میں سے سلیکٹ کر لو کہ تمہیں کون سے فنکشن پر کونا ڈریس پہننا ہے۔۔

سحر کی کچھ کلاس فیلوز بھی آئی ہوئی تھی۔۔وہ ان کے ساتھ مل کر شادی کے ڈریس سلیکٹ کرنے لگی۔۔۔۔۔

انسپکٹر فرقان پولیس سٹیشن میں بیٹھے الجھی ہوئی گتھی کو سلجھانے کی کوشش کر رہے تھے کہ ایک دم سے موبائل کی گھنٹی بجنا شروع ہو گئی۔۔۔

فرقان نے موبائل اٹھایا تو سامنے سکرین پر ساحل کا نمبر تھا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فرقان نے فون اٹھایا۔۔اسے ساحل کی متفکر سی آواز سنائی دی۔

ساحل نے بجھے بجھے لہجے میں سلام کیا سلام کا جواب دینے کے بعد فرقان نے پوچھا کہ تم پریشان لگ رہے ہو۔۔

ساحل نے فرقان سے کہا کہ میں نے تمہیں اپنی شادی کے انویٹیشن لینے کے لیے فون کیا تھا۔۔

ایک ہفتے بعد میری اور سحر کی شادی ہو رہی ہے۔۔۔

یہ خبر سن کر فرقان بھی متفکر ہو گیا۔۔

اور ساحل کو کہنے لگا کہ تم تو سب جانتے ہو اس کے باوجود تم نے شادی کے لئے اتنی جلدی کیوں اختیار کی۔۔

جواب میں ساحل نے اس کو ساری صورتحال سے آگاہ کیا۔۔۔

فرقان نے ساحل کو سمجھایا کہ میں تو پھر بھی تو یہی مشورہ دوں گا کہ تمہیں ان حالات میں شادی نہیں کرنی چاہیے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Dhulan | By Awais Chohan (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شہر میں دو دلہنیں پر اسرار طریقے سے موت کا شکار ہو چکی ہیں۔۔اور ان کی موت کے اسرار کے بارے میں بھی تمہیں کچھ کچھ اندازہ ہونا چاہیے۔۔۔

ساحل نے کہا کچھ نہیں ہو سکتا میں مجبور ہوں اور آپ شادی کی تاریخ بھی طے ہو چکی ہے اور سحر کے گھر والوں نے شادی کے کارڈ بھی بانٹ دیے ہیں۔۔

اب جو بھی ہو گا دیکھا جائے گا۔۔

اس کے بعد کچھ رسمی گفتگو کرنے کے بعد ساحل نے فون بند کر دیا.......

پانچ دن کے اندر اندر شادی کی تیاریاں مکمل کر لی گئی۔۔۔

مہمانوں کو کارڈ پہلے ہی بھیجے جا چکے تھے مہمانوں کی فہرست تقریباً سیم تھی کیونکہ سحر اور ساحل آپس میں کزن تھے..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سات دن کس طرح گزر گئے پتہ ہی نہیں چلا اور ان دونوں کی مہندی کی شام آگئی۔۔۔

مہندی والے دن ہی قریب کے رشتہ داروں کی آمد کا سلسلہ شروع ہو گیا......

ساحل کے گھر والوں نے سحر کے گھر آٹھ بجے مہندی لے کر آنی تھی۔۔۔

گویا مہندی کی رسم سحر کے گھر پے انجام دی جانی تھی۔۔۔

ساحل اپنے کمرے میں مہندی کے لئے لایا ہوا ڈریس پہن رہا تھا لیکن اس کا دماغ مسلسل کسی گہری سوچ میں ڈوبا ہوا تھا۔۔۔

ساحل کپڑے چینج کر رہا تھا کہ ایک دم کمرے کی لائٹ چلی گئی۔۔۔

اور دور کسی بلی کے بیانک انداز میں رونے کی آواز سنائی دینے لگی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ساحل نے جلدی جلدی ڈریس تبدیل کیا۔۔اور کمرے سے باہر آ گیا

ساحل کی امی اس کی نظر اتارنے لگی۔۔

مہندی کی تیاریاں وہ پہلے ہی سر انجام دے چکی تھی

ساحل کے تیار ہوتے ہیں وہ سب گاڑی میں بیٹھے اور سحر کے گھر کی طرف روانہ ہو گئے۔۔

دوسری طرف سحر نے گلابی رنگ کا سوٹ پہنا اور مہندی کے لیے تیار ہو گئی۔۔

سحر گلابی ڈریس میں بالکل آسمان سے آئی ہوئی پری لگ رہی تھی۔۔

مکمل تیار ہونے کے بعد سحر نے آئینے میں اپنے سراپے کو دیکھا۔۔

اور دیکھ کر شرما گئی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحر کی امی نے اس کی سہیلیوں کو مہندی کے انتظامات چیک کرنے کے لئے اس کے کمرے سے باہر حال میں بلا لیا۔۔

سحر کمرے میں اکیلی رہ گئی

وہ اپنے آنے والے مستقبل کے بارے میں سنہری خواب بننے لگی۔۔

اچانک سحر کو محسوس ہوا کے اس کے پاس کوئی بیٹھا ہوا ہے سحر نے یکدم مڑ کر اپنے دائیں طرف دیکھا لیکن وہاں کوئی نہیں تھا۔۔

سحر کو لگا کہ یہ اس کا وہم ہے اور اپنے اس خیال پر وہ خود پر مسکرا دی۔۔۔۔

تھوڑی ہی دیر بعد سحر کی سہیلیاں بھاگی بھاگی اس کے کمرے میں آئی اور اس کو بتایا کہ ساحل کے گھر والے مہندی لے کر آچکے ہیں۔۔

سحر اپنے ذہن سے سارے فضول خیالات کو جھٹک کر اپنی فرینڈ کے ساتھ نیچے ہال میں آگئی...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحر اور ساحل کو ایک ساتھ چوکیوں پر بٹھا دیا گیا۔۔۔

اور ان کے سامنے ایک میز پر مٹھائی اور مہندی رکھ دی گئی۔۔۔

اور ان کے رشتہ داروں نے آ کر ان کے ہاتھوں پر مہندی لگانی شروع کر دیں۔۔۔

تب کچھ بڑے اچھے سے ہو رہا تھا کہ اچانک سحر کو اپنے ہاتھ میں جلن محسوس ہوئی۔۔

اور تھوڑی دیر بعد سحر کربناک انداز میں چیخی۔۔۔

سارے ماحول کو ایک دم سانپ سونگھ گیا اور سب سحر کی طرف متوجہ ہو گئے۔۔۔

سحر کی امی دوڑ کر اس کے پاس آئے اور پوچھا کہ کیا ہوا۔ سحر نے ان کو بتایا کہ مہندی سے میرے ہاتھوں میں شدید جلن ہونے لگی ہے۔۔

کی امی نے فٹافٹ پانی کی جگ پکڑ کے اس کے دونوں ہاتھ دھو دیئے۔۔

سحر کے دونوں ہاتھوں پر بڑے بڑے چھالے نمودار ہو گئے۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور مہندی کی رسم کا وہیں پر اختتام کر دیا گیا۔۔۔

سب لوگ آپس میں چیمگوئیاں کر رہے تھے کہ دلہن کی مہندی کا اس طرح اتار دیا جانا بہت برا شگون سمجھا جاتا ہے۔۔۔

اس طرح شادی کی مہدی سے دلہن کے ہاتھوں کا جل جانا بھی اچھی بات نہیں۔۔۔

خدا جانے تقدیر میں جوڑے کے لئے کیا لکھا ہوا ہے۔۔۔۔

سحر کے ہاتھوں کو دیکھ کر ایسا لگ رہا تھا جیسے ان پر تیزاب گرا دیا گیا ہو۔۔۔

اس طرح کی پیچیدہ صورتحال کو دیکھ کر ساحل کے پسینے چھوٹ گئے۔۔

اور وہ خدا سے شادی بخیر و عافیت ہو جانے کی دعائیں مانگنے لگا۔۔۔۔

سحر کی امی نے اس کے ہاتھوں پر فرسٹ ایڈ کیا اور اس کو کمرے میں جا کر آرام کرنے کو کہا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمام مہمانوں کو کھانا وغیرہ کھلا کر رخصت کر دیا گیا۔۔

قریبی رشتے داروں کے لیے گیسٹ روم میں ارینجمنٹ کر دیے گئے۔۔۔۔

اس طرح بڑی بدمزگی کے ساتھ مہندی کی رسم اختتام پذیر ہوئی۔۔۔

ساحل اور اس کی فیملی مہندی کی تقریب سے گھر کی طرف روانہ ہو گئے۔۔

گھر پہنچ کر ساحل بہت زیادہ تھکاوٹ اور ذہنی تناؤ کا شکار تھا

اس کے دل میں ہزاروں طرح کے وسوسے جنم لے رہے تھے

۔۔۔۔

خیر وہ آنے والے دن کے بارے میں خدا سے نیک تمنا کر کے سو گیا۔۔۔۔۔

صبح کا سورج نمودار ہوا۔

تو ساحل اور سحر دونوں کے گھروں میں شادی کی چہل

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پہل شروع ہو گئی۔۔۔

قریب کے رشتہ دار تو پہلے ہی وہاں موجود تھے۔ دن کے گیارہ بجے ہی مہمانوں کی آمد کا سلسلہ شروع ہو گیا۔۔

برات کا ٹائم دوپہر 3 بجے کا تھا۔

سحر نے اپنے لئے میرون رنگ کا لہنگا منتخب کیا ہوا تھا۔۔۔

اس کے لئے اس کی امی نے اسپیشل چاندی کا جوتا بنوایا تھا۔

جو کہ سے شادی کی تقریب پر پہنا تھا۔۔۔

بیوٹی پالر سے بیوٹیشن کو منگوایا گیا تھا جس نے سحر کو تیار کرنا تھا۔

سحر کی سہیلیاں بارات کے استقبال کی تیاریوں میں مصروف تھی۔۔

اور بیوٹیشن سحر کو شادی کے لئے تیار کر رہی تھی۔۔۔

شہر نے اپنا مہرون لہنگا پہنا۔۔

اور اپنی امی کی دی ہوئی چاندی کی خوبصورت جوتی پہن لی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کے بعد بیوٹیشن نے اس کا بناؤ سنگھار کیا۔۔

اور اس کے ہاتھوں پر بینڈ ایج لگا دیں تا کہ دیگر رسومات میں اس کو تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے۔۔

سحر کو پوری طرح تیار کرنے کے بعد بیوٹیشن وہاں سے چلی گئی۔۔۔

بیوٹیشن کے جاتے ہیں ایک کالے رنگ کی خوفناک بلی سحر کے کمرے میں داخل ہوئی۔۔

سحر کو محسوس ہوا کہ کمرے میں اس کے علاوہ بھی کوئی ہے تو اس نے ادھر دیکھنا شروع کر دیا۔۔

لیکن اسے کوئی بھی نظر نہ آیا تو سحر نے اسے اپنا وہم سمجھ کر فراموش کر دیا۔

اور اپنے سر کے بال سیٹ کرنے میں مصروف ہو گئی۔۔۔

تھوڑی دیر بعد اسے کمرے میں بلی کی خوفناک غراہٹ سنائی دی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحر کرسی سے اٹھی اور کمرے کے چاروں طرف دیکھنا شروع کر دیا لیکن اسے کہیں بھی نظر نہ آئی
اس نے اسے اپنا وہم سمجھ کر اپنا رخ دوبارہ شیشے کی طرف کیا تو اسے ڈریسنگ پر میک اپ کے ساتھ ایک کالے رنگ کی خوفناک بلی بیٹھی نظر آئی۔۔

خوف سے سحر کے ماتھے پر پسینے کے قطرے نمودار ہونے لگے۔۔۔
ٹھہر کے ذہن کے دریچے پر کچھ نقش نمودار ہوئے یہ اس کی منگنی کے دن بھی کچھ اسی طرح کا ہوا تھا جیسے اس نے اپنا گمان سمجھ کر فراموش کر دیا تھا۔۔

اس بلی نے کی آنکھوں میں اپنی آنکھیں ڈال دیں اور گھور کر سحر کو دیکھنے لگی۔

تھوڑی دیر اسی طرح سحر کو دیکھتی رہی اور پھر ڈریسنگ سے چھلانگ لگا کر دروازے کی طرف بڑھی اور کمرے سے باہر نکل گئی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحر کا اس بات کی طرف دھیان نہیں گیا کہ اس کے گلے میں پڑا ہوا آیت الکرسی کا لاکٹ جو کہ اس کی امی نے اسے شادی کی تاریخ مقرر ہونے پر پہنایا تھا چمک رہا تھا۔۔۔

گویا روبی کا ایک وار ناکام ہو چکا تھا۔

سحر نے ان سب باتوں کو ذہن سے جھٹکا۔۔

اتنے میں باہر سے بارات آ گئی بارات آ گئی کا شور و غل آنا شروع ہو گیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ساحل کی امی اس کی بلائیں لے رہی تھیں۔۔

وہ ڈریسڈ اپ ہو کر اپنے کمرے سے باہر آ چکا تھا۔۔

اس نے کالے رنگ کی شیروانی پہنی تھی اور نیچے آف وائٹ کلر کا پجاما تھا۔۔

وہ کسی بھی طرح سے ایک فلمی ہیرو سے کم نہیں لگ رہا تھا۔۔۔

اس کی امی نے اس کی نظر اتاری۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ساحل کی برات کے لئے سجی سجائی گاڑی باہر آچکی تھی۔۔

ساحل کی بہن مہرین اور اس کی امی اس کے ساتھ گاڑی میں بیٹھ گئیں۔۔۔

اور بارات سحر کے گھر کی طرف روانہ ہو گئی۔۔۔

برات سحر کے گھر پہنچ گئی۔۔

جہاں ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔۔

اس کے بعد نکاح میں کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہیں آیا۔۔

نکاح کی رسم آرام و سکون انجام پا گئی۔

اس طرح سحر اور ساحل رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے۔۔۔۔۔۔

اور دلہن کی اس کہانی کے سب سے نمایاں اور اہم پہلو کا آغاز ہو گیا۔۔۔۔۔۔

فیضان اور ماہرہ کے امتحانات ختم ہو چکے تھے۔۔۔

پچھلے کچھ دنوں سے سکینہ بیگم اس بات پر غور کر رہی تھیں کہ یہ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Dhulan | By Awais Chohan (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دونوں بہن بھائی کچھ بجھے بجھے سے رہتے ہیں۔ نہ ٹھیک سے کچھ کھاتے ہیں نا پیتے ہیں۔

اور نہ ہی گھر والوں سے بات کرتے ہیں۔۔

ہفتہ کے اپنی امی خورشید بیگم کو بھی وقت نہیں دے رہے۔۔۔۔

ایک دن جب دونوں بہن بھائی ساتھ بیٹھے ایک دوسرے سے کچھ باتیں کر رہے تھے۔ سکینہ بیگم ان کے پاس آئیں اور پوچھا بچوں کی آباد ہے تم دونوں کچھ پریشان سے رہتے ہو۔۔

اگر کوئی مسئلہ ہے تو ہمیں بتاؤ۔۔۔

اس طرح پریشان ہونے سے تو کسی بھی مشکل کا حل نہیں ہو گا۔۔۔۔

لیکن ان دونوں نے اپنی دادی کو ادھر کی باتیں سنا کر ٹال دیا۔۔۔

لیکن سکینہ بیگم جہاندیدہ خاتون تھیں۔

وہ سمجھ گئی کہ کچھ نہ کچھ بات تو ہے جو ان دونوں کو اندر ہی اندر کھائے جا رہی ہے۔۔

لیکن ان دونوں سے اس نے زیادہ ٹولینے کی کوشش نہ کی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسی دن فجر کے وقت جب سکینہ بیگم اور خورشید بیگم نماز پڑھ کر فارغ ہوئیں۔ تو پھر ان میں خورشید بیگم سے کہا کہا میں مسجد کی طرف جا رہا ہوں نماز پڑھ کے واپس آتا ہوں۔

وہ دونوں اس کی یہ بات سن کر حیران رہ گئی۔۔

فیضان مسجد کی طرف روانہ ہو گیا۔۔

لیکن ان دونوں میں سے کوئی بھی نہ دیکھ سکا کہ اس کے ہاتھ میں ایک چھوٹی سی ڈائری ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

قبرستان کی کاموشی میں پتوں کی چرچراہٹ کی آواز پیدا ہوئی۔۔۔

دور کہیں کتوں کے رونے کی آواز بھی اس چرچراہٹ میں شامل ہو گئی۔۔

.. جس سے ماحول کی پراسراریت میں اضافہ ہو گیا۔۔

پھر اندھیرے میں ٹارچ کی روشنی دکھائی دی۔

جو کہ شاید کسی خاص قبر کی تلاش میں تھی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کچھ دیر بعد وہ روشنی اک قبر کی تختی پر ٹھہر گئی۔۔

..جس پر روبی کا نام لکھا ہوا تھا۔

جب روشنی قبر کے بہت زیادہ قریب ہو گئی تو وہ قبر کی تختی سے منعکس ہو کر اس وجود پر پڑھنے لگیں جس نے ٹارچ ہاتھ میں پکڑی ہوئی تھی۔۔

اندھیرے میں اس شخصیت کی جنس تو پتہ نہیں چل رہی تھی۔۔ہاں لیکن اس نے سیاہ رنگ کا ایک برقع نما کپڑا اپنے پورے جسم پر لپیٹ رکھا تھا جس سے اس کا منہ تک چھپا ہوا تھا۔۔۔

روبی کی قبر کے قریب پہنچ کر وہ برقع پوش بیٹھ گیا ٹارچ اس نے اوف کر دی۔۔

تھوڑی دیر وہ چپ ہو کر روبی کی قبر کے پاس بیٹھا رہا۔۔

پھر قبر میں سے دھواں نکلنا شروع ہو گیا اور کچھ دیر بعد وہ روبی کا روپ دھار گیا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

روبی کا ہیولا اس نقاب پوش کے سامنے کھڑا ہو گیا۔۔

اور ان دونوں کے درمیان ایک گفتگو کا سلسلہ شروع ہو گیا۔۔۔

کچھ دیر بعد روبی دھوئیں میں تحلیل ہو کر قبر میں واپس چلی گئی۔۔

اور وہ نقاب پوش قبرستان کی پراسرار خاموشی کو اپنے پیروں تلے آنے والے پتوں سے روندتا ہوا قبرستان سے باہر نکل گیا۔

جلد بازی میں اس نقاب پوش نے غور نہیں کیا کہ ٹارچ اس کے ہاتھ سے چھوٹ کر قبرستان میں گر چکی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سحر ساحل کا پہلا اور آخری پیار تھی۔

اور اب وہ اس کی شریک حیات بن کے اس کی زندگی میں آ چکی تھی۔

اور یہ سحر کی اس گھر میں پہلی رات تھی یعنی کہ یہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کی سہاگ رات تھی۔۔

اس دن کو لے کر ساحل اور سحر نے بہت ارمان سجائے ہوئے تھے۔۔

لیکن جن حالات وواقعات میں یہ شادی ہوئی تھی ۔ساحل کا دن بہت زیادہ بے چینی کا شکار تھا۔

لیکن وہ پھر بھی خود کو مطمئن رکھنے کی کوشش کر رہا تھا اور اپنے دوستوں کی محفل میں بیٹھا ہنسی مذاق کر رہا تھا۔۔۔

دوسری طرف سحر اپنے سہاگ کی سیج پر بیٹھی اپنے دولہے کا شدت سے انتظار کر رہی تھی۔۔۔

کافی دیر ساحل کا انتظار کرنے کے بعد سحر پر نیند طاری ہونے لگی۔۔

تو اس نے واش روم میں جا کر اپنے منہ پر پانی کے چھینٹے مارے۔۔۔

واش روم سے باہر آ کر وہ دوبارہ بیڈ پر سکڑ سمٹ کر بیٹھ گئی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن ساحل شاید اپنے دوستوں کی محفل میں کچھ زیادہ ہی مصروف تھا۔۔

سحر پر نیند دوبارہ طاری ہونے لگی تو اس نے اپنے زیور اتار کر سائیڈ ٹیبل پر رکھنا شروع کر دیے۔۔

بے خیالی میں اس نے اپنی ماں کا دیا ہوا آیت الکرسی والا بھی باقی زیورات کے ساتھ سائیڈ ٹیبل پر رکھ دیا۔۔۔

اتنے میں کھڑکی سے ایک تیز ہوا کا جھونکا آیا۔ جسے سحر محسوس نہ کر سکی۔ اس ہوا کے جھونکے سے وہ لاکٹ سائیڈ ٹیبل سے گر کر بیڈ کے نیچے کہیں چلا گیا۔۔

اور تکیہ کو ٹیک لگا کر ساحل کا انتظار کرتے کرتے سو گئی۔۔۔

رات کے تقریبا ایک بجے جب ساحل کے دوستوں نے اس کی جان چھوڑی تو وہ اپنے کمرے کی طرف لوٹا۔۔

کمرے میں داخل ہو کر اس نے دیکھا کہ سحر اس کا انتظار کرتے کرتے سو گئی ہے..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے سحر کو جگانا مناسب نہ سمجھا اور اس کے پاس ہی دوسری طرف منہ کر کے سو گیا۔۔۔

صبح کا سورج نمودار ہوا تو سحر کی ساس یعنی ساحل کی ماں نے ان کا دروازہ کھٹکھٹایا۔۔

ساحل کی آنکھ کھولی اس نے اٹھ کر دروازہ کھولا۔۔

ساحل کی امی نے اسے کہا کہ بیٹا سحر کو کے اٹھ کر تیار ہو جائے اس کے گھر والے ناشتہ لیے آتے ہی ہونگے۔

اور پگ پھیرے کی رسم (ملقاواہ) کے لئے سحر کو اپنے گھر لے کر جائیں گے۔۔

اتنا کہہ کر وہ کچن کی طرف چلی گئی۔۔

ساحل نے سحر کو اٹھایا تو سحر ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھی اس نے چاروں طرف دیکھا کہ دن چڑھ چکا ہے۔۔

ساحل نے سحر سے معافی مانگی کے میری وجہ سے تم انتظار کرتے کرتے سو گئیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحر کا موڈ آف تھا لیکن ساحل نے اتنے معصومانہ انداز میں معافی مانگی کے سحر کا دل پگھل گیا اور اس نے ساحل کو معاف کر دیا۔۔

سحر اور ساحل فریش ہو کر باہر صحن میں پہنچے تو وہاں سحر کے امی ابو آچکے تھے۔۔

سحر کو باہر آتا دیکھ کر اس کی امی اٹھی اور جلدی سے اسے گلے لگالیا۔۔۔۔

سب نے ساتھ مل کر ناشتہ کیا۔۔

ناشتے کے بعد سحر اپنے امی ابو کے ساتھ اپنے مائیکے چلی گئی۔۔

سحر کے گھر پہنچنے سے پہلے ہی اس کی ساری سہیلیاں وہاں جمع ہو کر اس کا انتظار کر رہی تھیں۔

سحر کے گھر میں داخل ہوتے ہی انھوں نے سحر کو اپنے گھیرے میں لے لیا اور طرح طرح کے مذاق اور سوالات کرنا شروع ہو گئیں۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحر کی ماں نے ان کو ڈانٹا اور سحر کو اپنے کمرے میں جا کر آرام کرنے کو کہا۔۔۔

سحر سارا دن آرام کرتی رہیں اور دوپہر کو اس کی امی نے اس کے کمرے میں اگر اس کو کھانے کی میز پر آنے کو کہا۔۔۔

وہ اٹھی واش روم میں جا کر ہاتھ منہ دھویا اور کھانے کی میز پر چلی گئی۔۔

یہاں اس کے ابو اور باقی سب گھر والے اس کے منتظر تھے۔۔

اس کی امی نے کھانے میں اس کے لئے اس کی فیورٹ پکوان بنائے ہوئے تھے۔۔۔

کھانا کھا لینے کے بعد سحر کے ابو نے اس سے کہا کہ مجھے تم سے کچھ ضروری بات کرنی ہے تھوڑی دیر بعد تو میرے کمرے میں آجانا..

کھانے کے بعد سحر اپنے ابو کے ساتھ ہی ان کے کمرے میں چلی گئی۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Dhulan | By Awais Chohan (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کے ابو نے اس کو اپنے لئے ایک گلاس پانی لانے کو کہا۔۔

...اور خود کسی گہری سوچ میں غرق ہو گئے

سحر جب پانی لے کر آئی تو اس نے دیکھا کہ اس کے ابو کے ماتھے پر پسینے کے قطرے نمایاں ہیں۔۔۔

سحر نے پوچھا کہ پاپا آپ اتنے پریشان کیوں ہیں اور آپ مجھ سے کیا بات کرنا چاہتے تھے۔۔۔۔

اس کے ابو سوچ میں پڑ گئے۔۔

کچھ دیر یوں ہی سوچنے کے بعد وہ بولے کہ بیٹا میں نے تمہیں ایک بہت ضروری بات بتانی تھی۔۔۔

وہ کچھ کہنے ہی لگے تھے کہ اچانک ہوا کے زور سے کھڑکی کھلی اور یکدم کھڑکی میں صحیح کالے رنگ کی بلی چھلانگ لگا کر اندر داخل ہوئی۔۔۔

.بلی کو دیکھ کر سحر کے والد ایک دم سہم گئے۔

لیکن سحر نے شاید اس بات کو نوٹس نہیں گیا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کے ابو نے اسے کہا کہ تم اپنے سسرال میں خوش تو ہو نا۔

اپنے باپ کی اس بات پر مسکرادیں اور کہا کہ آپ نے یہ ضروری بات کرنی تھی۔ جس کے لئے اسپیشل آپ نے مجھے اپنے کمرے میں بلایا۔ تو ابو نے کہا ہاں بیٹا ہر باپ کو اپنی اولاد کی فکر ہوتی ہے۔۔ کہ وہ اپنی زندگی میں خوش بھی ہے کہ نہیں۔۔۔

سہرا اپنے ابو کی یہ بات سن کر مسکرادی۔۔اور کہا کہ میں اپنی شادی سے بہت خوش ہوں آپ چھوٹی چھوٹی باتوں کی ٹینشن نہ لیا کریں۔

اس کے ابو نے اس کے ماتھے پہ بوسہ دیا اور کہا کے جاو تم اپنے کمرے میں آرام کرو۔۔

مغرب کے بعد تقریبا سات بجے ساحل اس کو لینے آگیا اور وہ اپنے سہیلیوں اور ماں باپ سے مل کر واپس اپنے گھر کی طرف روانہ ہو گئی....

گھر آکر اس نے اپنی ساس کو سلام کیا اور کچن میں کھانا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بنانے کے لیے چلی گئی۔

کھانا بناتے بناتے عشاء کی نماز کا وقت ہو گیا۔۔

نہ جانے کیوں سحر آج خود کو بوجھل بوجھل سا محسوس کر رہی تھی۔۔

عشاء کی اذان کی آواز سنتے ہی وہ وضو کرنے واش روم کی طرف بڑھی۔۔

وضو کر کے اس نے عشاء کی نماز ادا کی اور خدا کے حضور دعا مانگی کے اعلی پتا نہیں کیوں میرا دل بہت بے چین ہے۔۔ دنیا کی ایسی کوئی چیز نہیں جو تیرے اختیار میں نہ ہو۔

یا اللہ ہمارے رشتے کو کسی کی نظر نہ لگنے دینا۔۔

دعا کرنے کے بعد وہ اٹھی اور ساحل اور مہرین کے ساتھ کھانا کھانے بیٹھ گئی۔۔..

کھانا کھاتے ہوئے مہرین بہت چہک رہی تھی۔ اور اپنی بھابھی یعنی سحر کو مذاق بھی کر رہی تھی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحر کی طرف سے رسپانس نہ پا کر بحرین نے اس سے پوچھا۔ کیا ہوا ابھی آپ کی طبیعت تو ٹھیک ہے آپ تو کچھ بجھی بجھی سی لگ رہی ہیں۔۔

سحر مسکرا دی اور کہا کہ میری طبیعت بالکل ٹھیک ہے بس سفر کی وجہ سے تھک گئی ہوں۔۔

ساحل بھی نوٹس کر رہا تھا کہ اپنے مائکے سے واپسی کے بعد سحر کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں۔۔۔

خیر کھانا کھانے کے بعد سحر اپنے بیڈروم میں چلی گئی اور ... ساحل بھی اس کے پیچھے ہی سے کمرے میں آ گیا

ساحل نے اس سے پوچھا کہ سحر خیریت تو ہے تم کچھ پریشان اور الجھی ہوئی لگ رہی ہو۔۔

سحر سے رہا نہ گیا اور اس نے ساحل کو بتا دیا کہ پتا نہیں کیوں مجھے بے چینی سی محسوس ہو رہی ہے۔۔

ساحل نے اسے اپنی باہوں میں بھر لیا اور اس کے ماتھے کو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بوسہ دیا اور کہا کہ ہماری شادی حالات و واقعات کی وجہ سے جلد بازی میں ہوئی ہے شاید تم اسی وجہ سے کنفیوز ہو۔۔

ساحر کی باہوں میں سحر کو کچھ سکون محسوس ہوا اور اس نے بھی اپنی باھیں ساحل کے گرد حمائل کر دیں۔۔

اور وہ دونوں دنیا مافیہا سے بے خبر ہو گئے۔۔۔۔

رات کا پچھلا پہر تھا۔۔

گھڑی نے جیسے ہی ایک بجایا۔

سحر کی آنکھ اچانک ہی کھل گئی۔

اس نے ادھر ادھر دیکھا لیکن اسے ماحول میں کوئی تبدیلی محسوس نہ ہوئی۔۔

ہاں سحر کو شدید پیاس ضرور لگی ہوئی تھی۔۔

اس نے سائیڈ ٹیبل سے پانی کا گلاس اٹھایا اور جگ میں سے پانی ڈال کر پانی پینے لگی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ابھی وہ پانی پی ہی رہی تھی کہ یکدم اس کے کمرے کی کھڑکی زوردار آواز سے کھل گئی۔۔۔

اور اس کھڑکی میں سے کالے رنگ کی ایک بلی اس کے کمرے میں کود گئی۔۔

بلی کو دیکھ کر سحر کو خوف سے جھر جھری آگئی.....

بلی نے چھلانگ لگائی اور بیڈ پر اس کی آنکھوں کے سامنے آکر بیٹھ گئی۔۔

بلی نے سحر کی آنکھوں میں دیکھنا شروع کر دیا۔۔

سحر کا خوف کے مارے برا حال تھا لیکن وہ اپنی آنکھیں بلی کی آنکھوں سے ہٹا ہی نہیں پا رہی تھی۔۔۔۔

بلی سحر کو اپنے ٹرانس میں لیتی جا رہی تھی۔۔۔..

تھوڑی ہی دیر بعد سحر مکمل طور پر اس بلی کے قابو میں تھی۔۔

وہ محسوس کر سکتی تھی سوچ سکتی تھی سمجھ سکتی تھی۔۔

لیکن اپنے طور پر کچھ نہیں سکتی تھی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کے احساسات اس کے قابو میں تھے لیکن اس کے اعضا اس کا ساتھ چھوڑ چکے تھے۔۔۔

سحر نے ساحل کی طرف دیکھا جو کہ گہری نیند سو رہا تھا۔۔

بلی جیسے جیسے کھڑکی کی طرف جا رہی تھی فھر بھی ایک معمول کی طرح اس کے پیچھے پیچھے چل رہی تھی۔۔۔

پھر بلی نے اچانک کھڑکی سے باہر چلانگ لگا دی۔۔

سحر نے بھی بنا سوچے سمجھے بلی کے پیچھے کھڑکی کے باہر کود پڑی۔

لیکن حیرانگی کی بات تھی کہ دوسرے فلور سے زمین پر جمپ لگانے کے باوجود سحر کو ایک خراش بھی نہیں آئی تھی بلکہ وہ فوراً ہی اٹھ کر کھڑی ہو گئی اور بلی کا پیچھا کرنے لگی....

باہر سڑک بالکل سنسان تھی۔۔

اتنی خاموشی تھی کہ درخت کا پتہ بھی زمین پر گرتا تو آواز پیدا ہوتی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

قمری مہینے کی آخری راتیں تھیں اسے یہ آسمان پر چاند بھی غائب تھا۔۔

اماوس کی اس اندھیری رات میں اگر کوئی سحر کو بلی کا پیچھا کرتے ہوئے سنسان سڑک پر جاتے ہوئے دیکھ لیتا تو اس کو وہیں پہ ہارٹ اٹیک آجاتا.......

سڑک پر تھوڑا سا آگے چلنے کے بعد نالہ شروع ہو گیا تو بلی نالے کے ساتھ چلنا شروع ہو گئی اور سہر تو ایک معمول کی طرح بلی کے پیچھے تھی۔۔

نالے کے ساتھ ساتھ چلتے لینے کے بعد دوران کو پرانے قبرستان کا زنگ لگا گیٹ نظر آگیا۔۔۔

سحر بلی کے پیچھے پیچھے اس گیٹ کی طرف بڑھنے لگی۔۔

قبرستان میں ایسی دہشتناک ویرانی طاری تھی جیسے کہ ہزاروں سال سے اس قبرستان میں کوئی آیا نہ ہو حالانکہ لوگ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپنے مردے اسی قبرستان میں دفناتے تھے کیونکہ یہ اس شہر کا واحد قبرستان تھا۔۔۔

بلی کے گیٹ کے سامنے پہنچتے ہیں گیٹ خود بخود چرچراہٹ کی آواز سے کھل گیا۔۔

اور سحر قبرستان میں داخل ہو گئی۔۔۔

قبرستان میں داخل ہوتے ہیں بلی نے سحر پر سے اپنا ہپناٹزم ختم کر دیا۔۔۔۔

اپنے حواس واپس آتے ہی سحر کے رگ و پے میں خوف کی لہر اٹھتی محسوس ہوئی۔۔۔

قبرستان کے ماحول میں عجیب سے پراسراریت طاری تھی۔۔

حلانکہ اماوس کی رات تھی اور روشنی کا دور دور تک نام و نشان نہ تھا۔۔

لیکن پھر بھی سحر قبروں کو بڑی آسانی سے دیکھ پا رہی تھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحر کو ایسا محسوس ہوا جیسے ابھی یہ سب قبریں پھٹ پڑیں گی اور ان میں سے مردے باہر آکر اسے دبوچ کھائیں گے۔۔۔

وہ حیران بھی تھی کہ کس طرح ہو گھر سے چل کر ادھر قبرستان میں آگئی۔۔۔

اس نے چاروں طرف گھوم کر دیکھا تو اس کو کہیں بھی قبرستان کا داخلی دروازہ نظر نہ آیا۔۔

خوف کے بارے سحر کے پسینے چھوٹنے شروع ہو گئے۔

وہ جلد از جلد اس منحوس قبرستان سے نکل کر اپنے گھر جانا چاہتی تھی۔۔۔

ڈر خوف نے اس کی ذہن کی سوچنے سمجھنے کی صلاحیت مفلوج کر کے رکھ دی تھی۔

اور وہ حواس باختہ سی بس قبروں کی طرف دیکھے جا رہی تھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پھر اچانک سے قبریں پھٹنا شروع ہو گئیں اور ان میں سے لمبے لمبے سیاہ رنگ کے ہاتھ باہر نکلنے لگے۔۔

یہ بھیانک منظر دیکھ کر سحر نے جس طرف منہ آیا اس طرف بھاگنا شروع کر دیا۔۔

خوف سے اس کی آواز بھی نہیں نکل پارہی تھی ورنہ وہ بہت بری طرح چیختی۔۔۔۔

بھاگتے بھاگتے سحر کو ایک دم سے رکنا پڑا کیوں کہ سامنے کا منظر اس کی رگوں میں خون منجمد کر دینے کے لیے کافی تھا۔۔

گھر کے بالکل سامنے تین سے چار فٹ کے فاصلے پر دو لڑکیاں کھڑی تھیں جنہوں نے دلہن کا لباس پہنا ہوا تھا۔۔۔۔

ان لڑکیوں کے منہ بری طرح تیزاب سے جلے ہوئے تھے۔۔

ان دونوں دلہنوں نے آہستہ روی سے سحر کی طرف بڑھنا شروع کر دیا جیسے وہ سحر کو کچھ بتانا چاہتی ہوں۔۔

خوف کے مارے سحر جہاں کھڑی تھی وہی ساکت ہو کر رہ گئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھی۔۔

اور اس کے پاؤں منوں وزنی ہو گئے تھے۔۔۔۔

جیسے جیسے وہ دلہنیں سحر کے قریب آتی جا رہی تھی سحر کو اپنی جان نکلتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔۔

جب ان دونوں کا سحر سے فاصلہ ایک فٹ سے کم رہ گیا تو اچانک سحر کے پاؤں میں جیسے جان آ گئی اور اس نے ان کی مخالفت کی سمت میں سرپٹ دوڑنا شروع کر دیا۔۔۔

اسے ان دلہنوں کی کرب اور درد میں ڈوبی ہوئی سسکیاں اپنے پیچھے سنائی دے رہی تھی۔۔

بھاگتے بھاگتے سحر کو ایک قبر سے ٹھوکر لگی اور وہ اوندھے منہ اسی قبر پر گر گئی۔۔۔

سحر کے گرتے ہیں ایک دم سے قبرستان میں سناٹا چھا گیا جیسے یہاں پر کسی کا وجود ہی نہ ہو۔۔

سحر کچھ دیر بیٹھ کر اپنے سانس درست کرتی رہی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جب حواس کچھ بحال ہوئے تو اس نے غور کیا کہ وہ تو ایک قبر کے سرہانے بیٹھی ہوئی ہے

پے در پے خوفناک اور حیرت انگیز واقعات نے اس کے دل میں تھوڑی ہمت پیدا کر دی تھی۔۔

اس لیے اب اسے اتنا ڈر نہیں لگ رہا تھا۔

کچھ دیر بعد قبر میں سے سسکاریوں کی دردناک آواز آنا شروع ہو گئی۔۔

جیسے کہ کوئی بہت ہی تکلیف کے عالم میں کراہ رہا ہو۔۔

صحرا ابھی سوال پر غور کر رہی تھی کہ قبر میں سے دھواں نکلنا شروع ہو گیا۔۔۔

دھواں سمٹتے سمٹتے ایک بلی کا روپ دھار گیا۔

سحر نے دیکھا یہ تو وہی بلی تھی جو اسے گھر اسے قبرستان تک لے کے آئی تھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کچھ دیر بعد بلی کا وجود پھر سے دھوئیں میں تحلیل ہونا شروع ہو گیا۔۔

وہ دھواں بعد میں ایک نسوانی ہیولے کے روپ میں بدلنے لگا۔۔۔

تقریبا دو منٹ بعد اس دھویں کی جگہ سحر کے سامنے ایک لڑکی بیٹھی ہوئی تھی جس کا منہ قبر کی دوسری طرف تھا تو سحر اس کے منہ کی طرف نہیں دیکھ پا رہی تھی۔۔۔

سحر نے اپنے خوف پر قابو پاتے ہوئے اس لڑکی کو مخاطب کیا کہ تم کون ہو اور تم تکلیف میں کیوں مبتلا ہو۔۔

پہلے تو وہ لڑکی چپ چاپ سسکیاں بھرتی رہی۔۔ پھر اس نے آہستہ سے اپنا رخ سحر کی جانب کیا۔۔

اس لڑکی کا چہرہ دیکھ کے سحر کو اپنے پاؤں کے نیچے کی زمین سرکتی ہوئی محسوس ہوئی اور اس کی آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھانے لگا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیونکہ اس کے سامنے کوئی اور نہیں بلکہ روبی بیٹھی تھی جس کے قتل کا الزام ساحل پر دو سال پہلے لگایا گیا تھا۔۔

لیکن ثبوت نہ ہونے کی وجہ سے سائل کو رہا کر دیا گیا تھا۔۔۔

اس لئے سحر اور باقی گھر والے ساحل کو مجرم نہیں سمجھتے تھے۔

خیر روبی کو اپنے سامنے ایک روح کی حیثیت میں دیکھ کر سحر کو سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ وہ کس پر رد عمل کا اظہار کرے...

کچھ لمحے کی خاموشی کے بعد روبی کی روح خود گویا ہوئی۔۔اور اس نے کہا کہ سحر میں بڑی مشکلوں سے تمہیں یہاں تک لے کر آئی ہوں تو سحر نے کہا کہ تمہیں کیا ضرورت تھی مجھے یہاں پر لے کر آنے کی آخر تم مجھ سے چاہتی کیا ہو۔۔

روبی بولی کہ مجھے صرف انصاف چاہیے جس کے لئے مجھے تمہاری مدد کی ضرورت ہوگی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحر حیران تھی اس نے روبی سے پوچھا کہ تمھیں مجھ سے کس قسم کی مدد چاہیے۔

اور تم کیسے انصاف کی بات کر رہی ہو۔۔

روبی بولیں کہ تم بہتر طریقے سے جانتی ہو کہ میں کیسے انصاف کی بات کر رہی ہوں

تمہارے شوہر یعنی ساحل نے کتنی بے دردی سے مجھے قتل کیا تھا۔۔

میں تو بس اس سے شادی کرنا چاہتی تھی۔

لیکن میری ضد کرنے پر اس نے مجھے اپنے راستے سے ہٹا دیا۔۔

میں اپنے قتل کا بدلہ لینا چاہتی ہوں۔۔۔

سحر بولی کے تمہارا قتل تو ساحل نے نہیں کیا تھا وہ تو جیل سے باعزت چھوٹ گیا تھا کیوں کہ اس کے خلاف کوئی ثبوت ہی نہیں تھا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

روبی بولی کہ اسے سارے ثبوت مٹا دیے تھے اور انسپکٹر فرقان بھی اس کے ساتھ ملا ہوا تھا اس لیے کوئی ثابت نہیں کر پایا کہ مجھے ساحل نے قتل کیا ہے...

میں دو سال سے تڑپ رہی ہوں اور میری روح کو قرار نہیں مل رہا۔۔

میں جب تک اپنی موت کا بدلہ نہیں لیتی میں کبھی سکون سے نہیں بیٹھوں گی۔۔۔۔

سحر پر تو گویا آج حیرتوں کے پہاڑ ٹوٹنے کا دن تھا۔۔

اسی یقین ہی نہیں آ رہا تھا کہ جس شخص سے بے انتہا محبت کرتی تھی وہ لڑکی کا قاتل تھا۔۔...

صحر عجیب سے دوراہے پر کھڑی تھی۔۔

وہ کوئی فیصلہ نہیں کر پا رہی تھی۔۔

ایک طرف اس کا بچپن کا پیار تھا۔

تو دوسری طرف انصاف تھا اور ایمان تھا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کافی دیر وہ روبی کی قبر کے پاس بیٹھی کشمکش میں مبتلا رہی۔

پھر اس کے پیار پر اس کی خودداری نے جیت پالی اور اس نے دل میں فیصلہ کر لیا کہ وہ روبی کو انصاف دلا کر رہے گی

اس نے روبی کو اپنا فیصلہ سنایا۔۔

پروین نے اسے کہا کہ تم اپنی آنکھیں بند کرو اور پانچ سیکنڈ کے بعد اپنی آنکھیں کھولنا۔۔۔

سحر میں اپنی آنکھیں بند کر لیں تو اس کے وجود کو ایک جھٹکا سا لگا۔۔۔

اس نے آنکھیں کھولی تو وہ مزید حیران رہ گئی۔۔

کیونکہ وہ ساحل کے پاس اپنے پلنگ پر لیٹی ہوئی تھی

تھوڑی دیر میں فجر کی اذان کی آواز سنائی دینے لگی۔۔۔

اذان سن کر سحر کو بڑا سکون ملا اور وہ اٹھی اور وضو کر کے جانماز بچھا کر بیٹھ گئی۔۔

اپنے رب کے حضور سجدہ کر کے سحر دعا مانگنے لگی کہ یا اللہ مجھے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انصاف کا ساتھ دینے کی ہمت عطا فرمانا۔۔

اور میرے قدم ڈگمگانے نہ دینا۔۔

اور شاید خدا ابھی آسمان پر بیٹھا مسکرا رہا تھا

سحر کے یہ وہم و گمان میں بھی نہیں تھا۔ کہ اپنے پیار اور ذاتی

مفاد پر اللہ کی رضا اور انصاف کو ترجیح دینے والے کو اللہ کی

طرح دکھ اور تکلیف میں دیکھ سکتا ہے۔۔

صبح کا سورج طلوع ہوا تو سحر ناشتہ بنانے کے لئے کچن میں چلی

گئی۔۔

جس کی کھڑکی میں سے ملی اندر داخل ہوئی سحر سمجھ گئی کہ بلی

کے روپ میں روبی ہے جو اس سے کچھ کروانا چاہتی ہے

سحر نے چائے کی کیتلی چولہے پر چڑھائی تھی۔۔

بلی دھویں میں تحلیل ہوئی اور روبی کے روپ میں آ گئی۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

روبی نے سحر کو کہا کہ کیونکہ پولیس ساحل کے ساتھ ہے اور میرے قتل کا کوئی ثبوت بھی اس نے باقی نہیں چھوڑا یہ تو مجھے قانونی طور پر تو انصاف نہیں دلا پاؤ گی۔۔

.اس لیے تمہیں دوسرا طریقہ کار اختیار کرنا ہوگا۔۔

تم ایسا کرو ساحل کے چائے کے کپ میں زہر ملا دو۔۔

اس سے وہ بھی اسی طرح تڑپ کر مرے گا جس طرح اس نے مجھے درد آپ سے تڑپا تڑپا کر اذیت دے کر مارا تھا...

روبی کے اس آئیڈیے سے سحر کام کر رہ گئی ابھی کچھ ہی دن ہوئے اس کی شادی ہوئی تھی اور روبی اس کو اپنے خوابوں کا گنجا بھیرنے کا کہہ رہی تھی

پھر سحر نے یہ سوچ کر خود کو تسلی دی کہ اگر میں حق پر ہوں تو میرا اللہ میرا ضرور ساتھ دے گا۔۔

سحر نے روبی کے کام کرنے کی حامی بھری تو روبی نے اپنا ہاتھ خلا میں لہرایا تو اس کے ہاتھ پر سیاہ رنگ کا ایک سفوف نمودار

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہوا۔۔

وہ سفوف اس نے سحر کو دیا اور کہا کہ اسے تم ساحل کے چائے کے کپ میں ملا دو۔۔۔۔

سحر نے کانپتے ہاتھوں سے چائے کے دو کپ تیار کیے۔۔

اور ساحل کے کپ میں وہ کالے رنگ کا سفوف ملا دیا۔۔

اور کپ ٹرے میں رکھ کر اپنے کمرے کی طرف بڑھی۔۔۔۔

کمرے میں پہنچ کر اس نے ٹرے کو ٹیبل پر رکھ دیا۔۔۔

ساحل بیڈ پر آرام سے سویا ہوا تھا

سحر نے اس کو جگایا تو ساحل نے سحر کا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں تھام لیا۔۔۔

اور کہا کاش جب تک میں زندہ ہوں تم ایسے ہی مجھے روز صبح جگانے آیا کرو۔۔۔

ساحل کی اس بات پر سحر کی آنکھوں سے آنسو نکل گئے لیکن اس نے یہ آنسو ساحل کے سامنے ظاہر نہیں ہونے دیئے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے ساحل کو کہا کے چائے ٹھنڈی ہو رہی ہے چلو چائے پیتے ہیں۔

طاہر ٹیبل کی طرف بڑھی اور چائے کا ٹرے پکڑ کر بیڈ پر رکھ دیا اور ساحل کے پاس بیٹھ گئی۔۔

ساحل نے سحر کے ماتھے پر پیار سے بوسہ دیا۔۔۔

اور بڑے اطمینان سے چائے کا کپ ہاتھ میں اٹھالیا۔۔۔

اس نے کپ اپنے منہ کی طرف بڑھایا۔اور چائے کا گھونٹ لینے ہی والا تھا کہ سحر نے زور سے اپنا ہاتھ چائے کی کپ پر مارا جس سے کپ زمین پر گر کر کرچی کرچی ہو گیا۔۔۔۔

ساحل سحر کی اس حرکت پر بہت حیران ہوا۔۔

اور غصے میں سحر کی طرف پلٹا ہی تھا کہ اس نے دیکھا کہ سحر زاروقطار رو رہی ہے۔۔

استاد سے پوچھا کہ تم رو کیوں رہی ہو اور تم نے میرے ہاتھوں سے چائے کیوں گرا دی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحر بولی کے میں نے اس چائے میں زہر ملایا تھا۔۔

ساحل کو اپنے کانوں پر یقین نہیں آرہا تھا کہ اس کی بیوی جو کہ اسے بے پناہ پیار کرتی تھی وہ اس کی چائے میں زہر کیسے ملا سکتی ہے۔۔۔۔

ساحل نے پوچھا کہ کیا میں تم سے اس بات کی وجہ جان سکتا ہوں۔۔

تو جواب میں سحر نے اس کو روبی کے بارے میں اور قبرستان میں گزاری ہوئی پچھلی رات کے بارے میں سب بتایا اور کہا کہ تم نے روبی کا قتل کیا ہے اور اپنے دوست انسپکٹر فرقان کے تم نے سارے ثبوت غائب کر دیے ہیں جس وجہ سے تم اس کیس سے بری ہو گئے تھے۔۔

میں نے روبی کو انصاف دلانے کا تہیہ کر لیا تھا اس لیے اپنے دل پر پتھر رکھتے ہوئے میں نے تمہاری چائے میں زہر ملا دی تھی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن تمہیں چائے پیتے دیکھ کر مجھ سے رہا نہیں گیا۔۔

اور میں نے چائے تمہارے ہاتھوں سے گرا دی۔۔۔۔۔۔۔۔

فیضان جیسے ہی مسجد سے ہو کر گھر واپس آیا تو صبح کا سورج نمودار ہو چکا

تھا۔۔

فیضان کی دادی سکینہ بی بی فیضان کے مسجد سے آتے ہیں اس کے

کمرے میں چلی گئی اور اس سے پوچھا کہ فیضان بیٹا کیا

بات ہے تم ہم سے کچھ بات چھپا رہے ہو۔۔۔

فیضان کو ڈالنا چاہتا تھا لیکن انہوں نے افیضان کا ہاتھ اپنے

سر پر رکھ کر ان کو اپنی قسم دے دی کہ جو بھی بات ہے وہ سچ بتا دو۔۔۔

آپ دادی کے سامنے فیضان مجبور ہو گیا اور اس نے کہا کی

دادی جان آپ امی اور ماہرہ کو بھی بلا لیں

ماہرہ سب کچھ جانتی ہے لیکن امی کے لیے بھی حالات سے آگاہ

ہونا ضروری ہے۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سکینہ بیگم نے ماہرہ اور خورشید کو بلالیا اور فیضان سے کہا کہ بتاؤ اب جو تم بتانا چاہتے ہو۔۔

فیضان کو ماہرہ نے آنکھوں ہی آنکھوں میں کچھ اشارہ کیا تو فیضان نے اسے کہا کہ مجھے دادی امی نے قسم دے دی ہے اس لئے ہمیں اب حقیقت ہے سب گھر والوں کو بتانی ہو گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

فیضان نے بتانا شروع کیا کہ دادی اماں آپ کو یاد ہے ہم ایک دن پیپر دے کر آئے تھے اور ہم نے آپ سے روبی آپی کے کمرے کی چابیاں مانگی تھیں۔ لیکن اپنے چابیاں دینے سے انکار کر دیا تھا۔

آپ کے سو جانے کے بعد ہم نے کے کمرے سے وہ چابی چرائی تھی اور روبی آپی کے کمرے میں داخل ہوئے تھے۔۔
اسے اور ماہرہ کو ان کے کمرے میں ان کی ڈائری ملی تھی
جسے پڑھ کر ہم دونوں حیران و ششدر رہ گئے تھے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس ڈائری میں روبی آپی کے موت کے بارے میں تفصیل سے لکھا ہوا تھا۔۔۔

یہ بات سن ان کی امی اور دادی کا غم اور غصے کے مارے برا حال تھا

اور وہ دونوں حیران ہو گئی تھیں۔۔۔

فیضان نے آگے بتانا شروع کیا کہ روبی کی ڈائری میں لکھا ہوا تھا۔۔۔

روبی نے پہلے سے پلین بنایا ہوا تھا کہ وہ اپنے امتحانات کے نتیجے کے دن ساحل کو پروپوز کرے گیا اس بارے میں اس نے اپنی دوست شینہ کو پہلے سے سب کچھ بتایا ہوا تھا۔۔۔۔

جب روبی نے ساحل کو پروپوز کیا تو اس نے اسے شادی کرنے سے صاف انکار کر دیا تھا۔۔

جس وجہ سے روبی بہت زیادہ افسردہ تھی۔۔اور وہ اپنی زندگی ختم کر دینا چاہتی تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کی دوست شینہ جو کہ بلیک میجک کی ماہر تھی اور اس کے دماغ میں ہر وقت شیطانی خیالات پکتے رہتے تھے۔۔

اس نے روبی کو ایک طریقہ کار بتایا کہ اگر جیتے جی ساحل تمہارا نہیں ہو سکتا تو تم مرنے کے بعد اس کو حاصل کر سکتی ہو۔

اس کے لیے تمہیں پہلے خود کو ختم کرنا ہو گا۔۔۔

ہمارے مرنے کے فوراً بعد میں تمہارے ہمزاد کو اپنے قابو میں کر لوں گی۔۔

اور اس ہمزاد کے ذریعے میں ساحل کے سچے پیار کے ہاتھوں ساحل کا قتل کروا دوں گی۔۔۔

جس سے اس کا ہمزاد ہمیشہ کے لیے تمہارا ہو جائے گا۔۔

اور تم مرنے کے بعد اپنا پیار حاصل کر لو گی۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Dhulan | By Awais Chohan (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دوبی ساحل کے انکار سے اس قدر دلبرداشتہ تھی کہ اس نے

بنا کچھ سوچے سمجھے شینہ کی بات مان گئی

اس نے شینا کے ساتھ ساحل سے آخری بار ملنے کا پلان

بنایا۔۔

اور یونیورسٹی کے کیفیٹیریا میں بلالیا

کیفیٹیریا میں اسی بات پر ان دونوں کے درمیان نوک جھوک

ہوئی۔۔

اور روبی طے شدہ پلان کے مطابق واشروم میں چلی گئی

جہاں شینا اس کی منتظر تھی۔۔۔

شینا کے ہاتھوں سے تیزاب لیکر روبی نے بڑی ہمت کرکے اپنے

آپ کو تیزاب سے جلالیا۔۔

شینا اسی عمل کی منتظر تھی۔۔

اس نے روبی کی روح کے منفی حصے یعنی اس کی شیطانی ہمزاد کو اپنے

قابو میں کرلیا اور شرط یہ رکھی کہ وہ اپنے کام کروانے کے بدلے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں اس کو ساحل کی جان لینے کا موقع دے گی۔۔۔۔

یہ سارا پلان روبی کی ڈائری میں لکھا ہوا تھا۔۔

جسے پڑھ کر کر میں اور ماہرہ حیران و ششدر رہ گئے تھے۔۔۔

جب ہم پہلے یہ ڈائری پڑ رہے تھے تو روبی آپی کے ہمزاد نے ہمیں آکر

ڈرانا دھمکانا شروع کر دیا تھا۔۔

جس وجہ سے ہم آپ کو یہ بات بتا نہیں سکتے تھے۔۔

اس لیے میں نے وہ ڈائری مسجد میں جا کر چھپا دی

کیونکہ مجھے پتا ہے کہ شیطانی ھمزاد اور الواح خبیثہ مقدس

مقامات جیسے کے مسجد میں داخل نہیں ہو سکتے اور کالے

جادو کا بھی کوئی عمل ان مقامات پر کارگر ثابت نہیں ہوتا۔۔۔

روبی نے ہمیں یہ بھی بتایا تھا کہ وہ بہت جلد ساحل کو اس

کی بیوی کے ذریعے مروانے والی ہے۔۔

اس بات کا سننا تھا کہ خورشید اور سکینہ بیگم بہت پریشان

ہوئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ان کی آنکھوں سے مسلسل آنسو بہہ رہے تھے کہ ان کی بیٹی اپنی موت کی ذمہ دار خود تھی بلکہ کہ وہ دوسروں کے لیے بھی خطرہ تھی۔۔۔

خورشید نے فورا افتخار صاحب کو فون کیا کیوں کہ روبی کے ابو تھے۔۔۔ وہ فورا دفتر سے واپس آئے پھر یہ سارا خاندان ساحل کے گھر کی طرف روانہ ہو گیا

راستے میں فیضان نے انسپکٹر فرقان کو فون کر کے ساری صورتحال سے آگاہ کر دیا۔۔

انسپکٹر فرقان کچھ سپاہیوں کو لے کر شینہ کے گھر کی طرف روانہ ہو گیا۔۔

شینا جو ایک بہت ہی عیار اور چالاک لڑکی تھی۔۔

اپنی فرسودہ اور ناجائز خواہشات کی بنا پر اس نے اپنی دوست کو ورغلا کر اسے خودکشی کرنے پر مجبور کر دیا تھا بلکہ اس کے ہمزاد کو قابو کر کے اس کے مرنے کے بعد بھی اس کے گناہوں میں اضافے کا باعث بن رہی تھی۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Dhulan | By Awais Chohan (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسے خبر ہوگئی تھی کہ انسپکٹر فرقان اسے اریسٹ کرنے اس کے گھر کی طرف آرہا ہے۔۔
اس نے انسپکٹر کے خلاف اپنے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرنے کا ارادہ کیا۔۔
اس نے روبی کو انسپکٹر فرقان کے خلاف مہرہ بنانے کا سوچا اور روبی کو حاضر کے اسے اسپیکٹر فرقان کو قتل کرنے کے لئے بھیج دیا۔۔
اسپیکٹر فرقان چونکہ روحانیت سے آشنائی رکھتے تھے۔۔
اس لیے روبی ان کا کچھ بھی نہ بگاڑ سکیں اور وہ با آسانی شینا کے گھر کے سامنے پہنچ گئے۔۔
فرقان کے شینہ کے گھر میں داخل ہوتے ہی روبی نے بلی کا روپ لیا اور فرقان پر حملہ کرنے کی کوشش کی لیکن فرقان نے لوحِ قرآنی کا نقش پہنا ہوا تھا۔۔
جس کی وجہ سے روبی فرقان سے ٹکرا کر چیختی ہوئی کی فٹ دور

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Dhulan | By Awais Chohan (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جا گری۔۔

اس طرح فرقان نے شینا کو با آسانی گرفتار کیا اور ساحل کے گھر کی طرف نکل پڑے

ساحل سحر کو ہر طرح سے مطمئن کرنے کی کوشش کر رہا تھا کہ اس نے روبی کا قتل نہیں کیا۔۔۔

لیکن شہر کے سامنے روبی کا تڑپتا ہوا چہرہ گھوم رہا تھا۔۔

جس پر یقین کر کے وہ ساحل کو اپنے ہی ہاتھوں سے زہر دینے جا رہی تھی۔۔

لیکن دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر اس سے یہ قدم نہیں اٹھایا گیا تھا۔۔

سحر متواتر روئے جا رہی تھیں اور ساحل اسے تسلیاں دے کر چپ کرانے کی کوشش کر رہا تھا۔۔

اتنے میں ساحل کی امی کمرے میں داخل ہوئیں اور کہا کہ تمہارے کچھ جاننے والے تم دونوں سے ملنے آئے ہیں۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحر نے اپنی ساس کو دیکھ کر خود کو سنبھالا۔

اور ان کے ساتھ باہر حال میں آ گئی جہاں پر روبی کے امی ابو کی دادی اور بہن بھائی آئے ہوئے تھے اور سحر اور ساحل کا انتظار کر رہے تھے۔۔۔

ساحل کی امی ان کے لئے کچن میں چائے بنانے کے لئے چلی گئیں۔

روبی کی امی اٹھ کر سحر کے پاس آ کر بیٹھ گئی اور اس سے کہا کہ بیٹا مجھے معاف کر دو۔۔

سحر حیران رہ گئی اور پوچھا آنٹی آپ مجھے کس بات کی معافی مانگ رہے ہیں۔۔

جواب میں خورشید بیگم نے سحر کو روبی کی ڈائری تھما دی۔۔

سحر میں پوچھا یہ کیا ہے تو فیضان گویا ہوا کہ یہ ہماری آپی روبی کی ڈائری ہے۔۔

برائے مہربانی آپ اسے پڑھ لیں۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحر اور ساحل مل کر ڈائری پڑھنے لگے۔۔

جو جو وہ ڈائری پڑھتے جا رہے تھے ان کی حیرتوں میں اضافہ ہوتا جا رہا تھا۔۔

ڈائری مکمل پڑھ لینے کے بعد سحر کی آنکھوں سے خوشی اور ندامت کے مارے آنسو آنا شروع ہو گئے۔۔

ساحل نے اس کے آنسو صاف کیے اور کہا کہ اس میں تمہاری کوئی غلطی نہیں تھی۔۔

بلکہ تم نے بہت ہمت کا مظاہرہ کر کے انصاف اور ایمان کا ساتھ دینے کی کوشش کی تھی۔۔

تمہارے ارد گرد حالات ہیں اس طرح کے پیدا کر دیے گئے تھے

کہ تمہیں سمجھ ہی نہیں آیا کہ سچ کیا ہے اور جھوٹ کیا۔۔

وہ سب انہی باتوں میں مصروف تھے کہ ساحل کی امی چائے بنا کر لے آئیں۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سب نے ان کو بھی اصل صورتحال سے آگاہ کیا۔۔

تو وہ حیران و پریشان ہو گی کہ آجکل کی جدید دنیا میں کالا جادو اور ہمزاد جیسی چیزیں بھی ہوتی ہیں۔۔

لیکن دوسری طرف وہ خوش بھی تھی کہ ان کے بیٹے پر دو سال پہلے جو الزام لگایا گیا تھا وہ سراسر غلط تھا۔۔۔

وہ سب بیٹھے چائے پی رہے تھے کہ۔ڈور بیل بجی۔

ساحل کی امی دروازہ کھولنے کے لیے گئیں

کچھ دیر بعد جب وہ واپس آئی تو ان کے پیچھے پیچھے انسپکٹر فرقان اور سحر کے امی ابو تھے۔۔

اور کچھ سپاہی شینا کو ہتھکڑیوں میں جکڑے ہوئے گھسیٹ کر اندر لے کر آرہے تھے۔۔۔

راستے میں انسپکٹر فرقان نے سحر کی ماں باپ کو ساری صورتحال سے آگاہ کر دیا تھا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ساحل کے ابو نے سب کو بتایا کہ ان کو ہاٹ ہے کبھی روبی کی وجہ سے ہی آیا تھا۔۔

اور انہوں نے سحر کی شادی بھی روبی کے دھمکانے پر ساحل کے ساتھ جلدی جلدی کرنے کا کہا تھا۔۔

کیونکہ روبی ساحل کو اس کے سچے پیار کے ہاتھوں مروا کر اس کے ہمزاد کو حاصل کرنا چاہتی تھی۔۔۔۔

روبی نے انہیں دھمکی دی تھی کہ اگر وہ جلدی سے ساحل سے سحر کی شادی نہیں کریں گے تو وہ سحر کو جان سے مار دے گی۔۔

اس حقیقت کے بارے میں بتانے کے لیے یے انہوں نے سحر کو اپنے کمرے میں بھی بلایا تھا لیکن روبی نے بروقت وہاں آکر انہیں اشاروں میں حقیقت بتانے سے منع کر دیا تھا۔۔۔۔

سحر کی جان کو خطرے کے مد نظر رکھتے ہوئے اس کے ابو نے اسے حقیقت سے آگاہ نہیں گیا تھا۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انسپکٹر فرقان نے شینا کی کنپٹی پر پستول رکھ دیا۔۔

اور پوچھا کہ باقی تو تمہاری حقیقت ہم سب پر آشکار ہو ہی چکی ہے۔

لیکن ابھی تک ہمیں یہ نہیں پتہ کہ دو معصوم دلہنوں کو مارنے کے

پیچھے تمہارا مقصد کیا تھا۔۔۔

تو شینہ نے بتایا کہ انسانی روح کے دو حصے ہوتے ہیں ایک مثبت اور

ایک منفی دوسرے لفظوں میں ایک روحانی اور ایک

شیطانی۔۔

شیطانی روح کو تقویت دینے کے لیے اور اس کے اندر منفی جذبات

کو ابھارنے کے لیے اس سے بد سے بدتر کام کروائے جاتے ہیں۔۔

میں نے روبی کے ہمزاد کو مزید طاقتور بنانے کے لیے

اس سے دو دلہنوں کو قتل کروایا۔۔۔۔۔

اب ساری صورتحال سب پر واضح ہو چکی تھی۔۔

روبی کی امی اور دادی کی آنکھوں سے آنسو ساون بھادوں کی طرح بہہ

رہے تھے۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سحر کی امی نے انکو حوصلہ دیا اور ساحل کی ماں نے بھی ان کو تسلی دی انسان اللہ تعالی کی مرضی کے آگے بے بس ہوتا ہے۔۔

انسپیکٹر فرقان نے ان سب کو کہا کہ ابھی اس کہانی کا سب سے اہم مرحلہ باقی ہے۔۔۔

یہ کہہ کر وہ شینا کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا کہ روبی کے ہمزاد کو اسی وقت اپنی قید سے آزاد کرو۔۔

شینا بولی کے اس کے لیے مجھے روپے کی قبر کی مٹی چاہیے۔۔

انسپیکٹر فرقان نے کانسٹیبل کو قبرستان میں روبی کی قبر سے مٹی لے کر آنے کو کہا اور جاتے ہوئے اس کے گلے میں لوح قرآنی کا ایک نقش بھی ڈال دیا تا کہ روبی کا ہمزاد اس کو کوئی نقصان نہ پہنچا سکے۔۔۔

ایک گھنٹے کے بعد وہ کونسٹیبل روبی کی قبر سے مٹھی بھر مٹی لے کر آیا تو اس کے پاس ایک شاپر میں ایک ٹارچ بھی تھی جو اس کے کہنے کے مطابق اس نے روپے کی قبر کے پاس ہی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Dhulan | By Awais Chohan (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

قبرستان میں ملی تھی۔۔

انسپکٹر فرقان کے چہرے پر فاتحانہ مسکراہٹ پھیل گئی۔۔

کیونکہ اسے شینہ کے خلاف ایک پختہ ثبوت بھی مل چکا تھا۔۔۔

فرقان نے سب گھر والوں کو ایک دائرے میں بیٹھنے کو کہا۔

جب سب لوگ ایک دائرے میں بیٹھ گئے تو فرقان نے آب زم زم کی شیشی اپنی جیب سے نکالی اور ان سب کے ارد گرد ایک دائرہ بنا دیا۔۔۔

آب زم زم کے پانی پر آیت الکرسی پڑھی ہوئی تھی۔

جس کی وجہ سے ان سب کے گرد ایک ایسا حصار قائم ہو گیا جسے کوئی بری طاقت یا بری روح پار نہیں کر سکتی تھی۔۔۔

پھر فرقان نے شینا کو کہا کہ روبی کے ہمزاد کو حاضر کرواور

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسس کو اپنی قید سے آزاد کرو۔۔

شینا نے روبی کی قبر کی مٹی اپنے ہاتھ میں پکڑی اور اسس پر کچھ پڑھ کر پھونک ماری۔ اور اسے زمین پر پھینک دیا یا۔۔۔

زمین میں سے دھواں سا اٹھتا شروع ہو گیا اور وہ کالے رنگ کی بھیانک بلی کا روپ دھار گیا۔۔۔

پھر وہ بلی دھوئیں میں تحلیل ہونا شروع ہو گئیاور وہ دعا آہستہ آہستہ سمٹ کر ایک ہیولے کی شکل میں آ گیا۔۔

روبی کو اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھ کر اسس کی امی اور دادی بے اختیار ہو گئی خدائے سے نکلنے ہی والی تھی کہ فیضان اور ماہرہ نے ان کو روک لیا اور کہا کہ یہ روبی آپی کی روح کا شیطانی حصہ ہے جس کے نزدیک رشتے کوئی معنی نہیں رکھتے اسس لئے بہتر یہ ہے کہ آپ سب لوگ دائرے میں موجود رہیں۔۔

انسپکٹر فرقان کے دھمکانے پر شینا نے منتر پڑھ کر روبی پر فون کا تورو بھی دھوئے میں تحلیل ہو کر آسمان کی طرف پرواز کرنا شروع

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Dhulan | By Awais Chohan (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہو گئی۔۔۔۔

انسپیکٹر فرقان نے اپنے نوری علم کے ذریعے شینہ کے دماغ میں سے کالے علم کی ساری یاداشت مٹا دی۔

اب شینہ کا دماغ ایک کورا کاغذ تھا۔۔۔۔۔۔

اس طرح دالہن کی کہانی اختتام کو پہنچی۔۔

نہیں نہیں ابھی یہ کہانی کا اختتام نہیں

ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ایک سال بعد۔۔۔۔

سب لوگ سحر کے گھر پہ جمع تھے

روبی کے امی ابو بھی آئے ہوئے تھے۔۔

کیونکہ آج سحر اور ساحل کی بیٹی کے عقیقے کی رسم تھی۔۔

اور آج ہی اس کا نام بھی رکھا جا تا تھا۔۔

اس کے علاوہ آج ایک اور خوشخبری سب کی منتظر تھی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ساحل کی بہن مہرین کی منگنی فیضان کے ساتھ کی جارہی تھی۔۔

روبی کے والدین جو کہ روبی کی موت کے بعد کافی افسردہ تھے مہرین کے روپ میں ان کو اپنی بیٹی واپس مل رہی تھی۔۔

بڑی دھوم دھام سے منگنی کی رسم ادا کر دی گئی۔۔

اس کے بعد سحر کی بیٹی کا نام رکھنے کی باری آئی۔۔

تو سحر نے اپنی بیٹی کا نام رکھ کے سب کو حیرت میں ڈال دیا۔۔

سہر نے اپنی بیٹی کا نام رکھا۔۔

روبی

-------ختم شد-------

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel